## بلوچستان میں فوجی آپریشن فی الفور بند کیا جائے، باقی ماندہ پاکستان پر رحم کیا جائے۔الطاف حسین

## سانحہ مشرقی پاکستان کے تلخ تجربے سے سبق حاصل کیا جائے، صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دی جائے

## مذہبی اقلیتوں کو زیادتیوں سے نجات دلانے کیلئے پارلیمنٹ میں توہین رسالتؐ کے قانون پر نظر ثانی کی جائے

## پاکستان کے عوام کی بھلائی کیلئے موجودہ بلدیاتی نظام کے خاتمے کی باتوں پر نظر ثانی کی جائے

## جشن آزادی کے موقع پر عزیز آباد میں مونومنٹ کی افتتاحی تقریب سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے خطاب

لندن۔۔۔14،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ خدارا بلوچستان کے عوام پر مظالم ڈھانے کا سلسلہ بند کیا جائے، باقی ماندہ پاکستان پر رحم کیا جائے، سانحہ مشرقی پاکستان کے تلخ تجربے سے سبق حاصل کیا جائے، بلوچستان میں فوجی آپریشن فی الفور بند کیا جائے، بلوچ عوام کو انکے جائز حقوق دیئے جائیں، صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دی جائے اور پاکستان میں بسنے والی تمام مذہبی اقلیتوں کو برابر کا پاکستانی تسلیم کیا جائے اور مذہبی اقلیتوں کو زیادتیوں سے نجات دلانے کیلئے پارلیمنٹ میں توہین رسالتؐ کے قانون پر نظر ثانی کی جائے۔نفرت پر مبنی پالیسیوں کے بجائے محبت کے فروغ کی پالیسیاں بنائیں تاکہ پاکستان بھر کے عوام متحد ہو کر ایک قوم بن کر ابھریں۔ پاکستان اوراس کے عوام کی بھلائی کیلئے موجودہ بلدیاتی نظام کے خاتمے کی باتوں پر نظر ثانی کی جائے۔ جناب الطاف حسین نے ان خیالات کا اظہار جشن آزادی کی شب عزیز آباد میں مکا چوک مونومینٹ کی افتتاح کے موقع پر ایک بڑے عوامی اجتماع سے وڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں خواتین، بزرگوں اور بچوں سمیت لاکھوں افراد نے شرکت کی۔وڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ عوام نے پہلی مرتبہ جناب الطاف حسین کو خطاب کرتے ہوئے دیکھا اور سنا۔قبل ازیں جناب الطاف حسین نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فیتہ کاٹ کر مکا چوک مونومنٹ کا افتتاح کیا۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام کو 63ویں یوم آزادی کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ نت نئی اور مثبت روایت کی بنیاد رکھی ہے اور آج جشن آزادی کو انوکھے انداز میں منایا ہے۔انہوں نے کہا کہ آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے اور دنیا میں قوموں کو آزادی جیسی نعمت طشتری میں رکھ کر پیش نہیں کی جاتی بلکہ اسکے لئے مسلسل جدوجہد کرنی پڑتی ہے اور قربانیاں دینی پڑتی ہے۔انہوں نے تحریک پاکستان کیلئے جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے قیام کیلئے 20لاکھ مسلمانوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے اور اپنے لہو کا خراج دیا تب کہیں جاکر 14اگست 1947ء کو پاکستان معرضِ وجود میں آیا مگر افسوس کہ 62سال گزر جانے کے باوجود ہم ہر سال بظاہر پاکستان کی آزادی کا جشن مناتے ہیں لیکن اجتماعی طور پر ہم اپنے غلط اعمال سے آزادی جیسی نعمت کا مذاق اڑا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ہمارے غلط اعمال کے باعث لاکھوں جانوں کی قربانیوں سے حاصل ہونے والا وطن دولخت ہوگیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج ایک طرف صوبہ سرحد میں امن وامان کی صورتحال خراب ہے جہاں پاکستان کی مسلح افواج ملک دشمنوں اور دہشت گردوں سے نبرد آزما ہے۔دوسری طرف صوبہ بلوچستان میں عوام کے جائز مطالبات پر توجہ دینے اوران کے مسائل حل کرنے کے بجائے بلوچ عوام کے ساتھ ایسا سلوک کیا جارہا ہے جیسا سابقہ مشرقی پاکستان میں بنگالی عوام کے ساتھ کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ مجھے اطلاعات مل رہی ہیں کہ بلوچستان میں مختلف چوکیوں پر سیکوریٹی فورسز کے اہلکار بلوچوں کو روک روک کران کی مونچھیں مونڈھ رہے ہیں، جنکی بڑی بڑی شلواریں ہوتی ہیں ان کی شلواریں کاٹ رہے ہیں، ان کی شناخت کرنے کے بعد انہیں سورج کی طرف دیکھنے پر مجبور کیا جاتا ہے اور طرح طرح سے انکے ساتھ زیادتیاں کی جاتی ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ بلوچ عوام کے ساتھ اس طرح کے ظالمانہ اور بہیمانہ سلوک سے بلوچ عوام میں محبت کے بجائے نفرت کے جذبات جنم لے رہے ہیں لہٰذا بلوچ عوام کے ساتھ یہ ظالمانہ سلوک فی الفور بند کیا جائے اور بلوچ عوام کے ساتھ نفرت کے بجائے محبت کا رویہ اختیار کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ میں ارباب اختیار واقتدار سے ہاتھ جوڑ کر اپیل کرتا ہوں کہ خدارا باقی ماندہ پاکستان پر رحم کیا جائے، سانحہ مشرقی پاکستان کے تلخ تجربے سے سبق حاصل کیا جائے، بلوچ عوام پر مظالم ڈھانے کا سلسلہ بند کیا جائے، بلوچستان میں فوجی آپریشن فی الفور بند کیا جائے، لاپتہ بلوچوں کو بازیاب کرایا جائے اور ایسے حالات پیدا کئے جائیں کہ جو بلوچ حالات سے تنگ آکر بیرون وطن اور ملک کے دیگر صوبوں میں چلے گئے تھے وہ اپنے گھروں کو واپس آسکیں۔اس موقع پر لاکھوں شرکاء نے ہاتھ اٹھا کر اور نعرے لگا کر جناب الطاف حسین کے مطالبات کی حمایت کی۔انہوں نے کہا کہ اگر آج وفاق میں ایم کیوایم برسراقتدار ہوتی تو وہ جشن آزادی کے موقع پر بلوچستان کے عوام کو انکے جائز حقوق کا تحفہ دیتی اور بلوچستان کے عوام کو اپنے سینوں سے لگاتی اور آج ہم انکے ساتھ آزادی کا جشن منا رہے ہوتے۔ جناب الطاف حسین نے ارباب اختیار اور پالیسی ساز اداروں کے سربراہوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ نفرت پر مبنی پالیسیوں کے بجائے محبت کے فروغ کی پالیسیاں بنائیں تاکہ پاکستان بھر کے عوام متحد ہوکر ایک قوم

بن کر ابھریں اور پاکستان کی تمام قومیتیں اور مذہبی اقلیتیں اپنی علیحدہ شناخت کے بجائے صرف یہ نعرہ لگائیں کہ ان کی قومیت پاکستانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید ملت خان لیاقت علی خان کا مکا یکجہتی کی علامت ہے اور اگر پاکستان کی تمام قومیتیں متحد ہو جائیں تو بڑی سے بڑی طاقت پاکستان پر بری نظر ڈالنے کی جرات نہیں کرسکتی۔ آج تاریخ ساز تقریب بانیانِ پاکستان کے اس وژن کی عکاس ہے کہ پاکستان کے تمام شہریوں کو بلا امتیاز رنگ ونسل، زبان اور مذہب برابر کا پاکستانی سمجھا جائے اور سب کو برابری کی بنیاد پر حقوق دیئے جائیں، تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دی جائے اور صوبوں کے وسائل پر ان کا حق تسلیم کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے پنجاب کے شہر گوجرہ میں مسیحی برادری پر بہیمانہ مظالم کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ مسیحی برادری پر مظالم ڈھانے کے عمل سے دنیا بھر میں پاکستان کی بدنامی ہوئی ہے۔ انہوں نے سینٹ اور قومی اسمبلی کے ارکان سے اپیل کی کہ ایوانوں میں توہین رسالتؐ کے قانون پر نظر ثانی کی جائے تاکہ پاکستان میں مذہبی اقلیتوں کے حقوق اور ان کی جان ومال کا تحفظ یقینی ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ آج جس کا دل چاہتا ہے وہ عیسائیوں اور مذہبی اقلیتوں کو زیادتیوں کا نشانہ بناتا ہے، ان کی آبادیوں پر حملہ کرتا ہے اور ان کی املاک کو جلا ڈالتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانیء پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے قیام پاکستان کے موقع پر 11 اگست 1947ء کو دستور ساز اسمبلی سے اپنے تاریخی خطاب میں واضح الفاظ میں کہا تھا ''اب پاکستان بن گیا ہے، مسلمان آزاد ہے کہ وہ مسجد میں جائے، ہندو آزاد ہے کہ وہ مندر میں جائے، عیسائی آزاد ہے کہ وہ چرچ میں جائے''۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں آباد تمام مذہبی اقلیتیں بھی برابر کی پاکستانی ہیں، انہیں برابر کا پاکستانی تسلیم کیا جائے اور عزت سے جینے کا حق دیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی صلاحیتوں کو پوری دنیا نے تسلیم کیا ہے اور انہیں دنیا کے بہترین میئرز میں شمار کیا ہے لیکن افسوس کہ پاکستان کے ارباب اختیار نے مصطفیٰ کمال کی خدمات کو تسلیم نہیں کیا جس کا ثبوت یہ ہے کہ ہر سال قومی دنوں کے مواقعوں پر شہریوں میں تمغے اور اعزازات بانٹے جاتے ہیں مگر افسوس کہ پاکستان کے ارباب اختیار نے کراچی کے عوام کی بلا امتیاز خدمت کرنے اور کراچی کو ترقی دینے والے سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کو آج تک ستارہ خدمت نہیں دیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام، کرپٹ سیاسی کلچر کے خلاف عملی جدوجہد کررہی ہے اور آخری دم تک کرتی رہے گی، اگر ایم کیوایم کی وفاق اور صوبوں میں حکومت قائم ہوئی تو ہم ملک کے تمام شہروں اور دیہات میں بھی کراچی کی طرح ترقیاتی کام کرکے پاکستان کو دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صف میں لا کھڑا کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کے عوام موجودہ بلدیاتی نظام کے حق میں ہیں اور میں حکومت سے کہتا ہوں کہ وہ موجودہ بلدیاتی نظام کے خاتمے کی باتوں پر نظر ثانی کرے اسی میں پاکستان اور اس کے عوام کی بھلائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد وطن کا مطلب ایسا ملک جہاں عوام امن، چین اور سکون کے ساتھ اپنی زندگی گزار سکیں لیکن آج ملک بھر کے عوام لوڈ شیڈنگ، گیس کی قلت، آٹے اور چینی کی قیمتوں میں اضافے جیسے مسائل کا سامنا کررہے ہیں، انہوں نے کہا کہ آج کے دن حکومت کو اعلان کرنا چاہیئے تھا کہ جشن آزادی کے موقع پر وہ عوام کو لوڈ شیڈنگ اور مہنگائی کے عذاب سے نجات دلانے کا تحفہ دیتی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد میں ملک کی تمام قومیتیں شامل ہورہی ہیں اور ایم کیوایم کا پیغام کراچی سے نکل کر پنجاب، سرحد، بلوچستان، آزاد کشمیر اور شمالی علاقہ جات تک میں پھیل رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سرائیکی عوام سمیت جنوبی پنجاب کے تمام عوام کو بھی انکے جائز حقوق دیئے جائیں اور ان کی شکایات کا ازالہ کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے سوات سمیت صوبہ سرحد کے دیگر علاقوں میں ملک دشمنوں اور دہشت گردوں کے خلاف ہمت وجرات سے کارروائی کرنے پر مسلح افواج کے جوانوں اور افسران کو دل کی گہرائی سے خراج تحسین پیش کیا اور جانوں کی قربانیاں دینے والے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے جشنِ آزادی کے موقع پر تاریخی اجتماع منعقد کرنے اور وڈیو کانفرنسنگ کے انتظامات کرنے والے ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کے ذمہ داران اور ایک ایک کارکن کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب کے اختتام پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ارباب اختیار کو عقل وشعور عطا کرے کہ وہ مظلوم قومیتوں اور صوبوں کو ان کے جائز حقوق دیں، ملک کو سلامت رکھے، ایم کیوایم کے شہید کارکنوں کو اپنی جنت الفردوس میں جگہ دے اور شہیدوں کی قربانیوں اور بزرگان دین کے صدقے ایم کیوایم کے پیغام کو ایک ایک پاکستانی کے دل کی دھڑکن بنادے۔

## فاصلے کوئی اہمیت نہیں رکھتے، متحدہ ایک روایت شکن جماعت ہے،
## عزیز آباد مکا چوک مونومنٹ کا افتتاح، حق پرست عوام وکارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت
## متحدہ کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے افتتاح کیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

''فاصلے کوئی اہمیت نہیں رکھتے'' یہ فکرہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اس وقت حقیقت میں بدل دیا جب وہ لندن سیکریٹریٹ سے بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ لاکھوں عوام کے سامنے عزیز آباد کے مکا چوک مونومنٹ کا افتتاح کررہے تھے'' سٹی گورنمنٹ کراچی کی جانب سے بھاری مالیت سے تیار کئے جانے والا مونومنٹ کا افتتاح جمعرات 13 اگست کی شب شایان شان طریقے سے کیا گیا۔اس مونومنٹ کا افتتاح ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے کیا اس موقع پر حق پرست عوام وکارکنان لاکھوں کی تعداد میں موجود تھے۔جناب الطاف حسین گزشتہ 18 برسوں سے لندن میں جلاوطنی کی کربناک زندگی گزار رہے ہیں تاہم اپنے رابطوں کے اعتبار سے وہ ایک دن بھی اپنے عوام و کارکنان سے دور نہیں رہے اور آج اس وقت جب وہ بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ مکا چوک مونومنٹ کا افتتاح کررہے تھے اس وقت عوام وکارکنان انہیں اپنے درمیان دیکھ کر اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکیں اور عزیز آباد کا پورا علاقہ جذباتی نعروں سے گونج اٹھا۔افتتاح کے اس منظر اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ایک جھلک دیکھنے کیلئے مکا چوک اور اس کے قرب وجوار میں موجود تھی۔اس سے قبل مکا چوک کا افتتاح قائد تحریک جناب الطاف حسین نے 1990ء میں کیا تھا جب وہ عزیز آباد میں اپنی رہائشگاہ نائن زیرو میں مقیم تھے۔ ایم کیوایم ایک روایت شکن جماعت ہے جس نے ملک کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو ملک کے ایوانوں میں بھیج کر ملک سے فرسودہ نظام کی روایت میں پہلی دراڑ ڈالی اور آج ایک بار پھر جناب الطاف حسین نے لاتعداد ٹیلیفونک خطبات کے بعد ملک کی تاریخ میں سب سے بڑی ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مکا چوک مونومنٹ کا افتتاح کرکے ایک نئی روایت قائم کردی۔

## متحدہ کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے افتتاح کیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ملک کا 63 واں یوم آزادی شایان شان طریقے سے منایا جارہا ہے اس سلسلے میں 13 اگست بروز جمعرات سے تقریبات کا آغاز کردیا گیا۔63 ویں جشن آزادی کی بڑی تقریب عزیز آباد کے مکا چوک پر مونومنٹ کے افتتاح سے منعقد ہوئی مونومنٹ کا افتتاح متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لندن سیکریٹریٹ سے بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے کیا اس موقع پر عزیز آباد کے مکا چوک پر بڑی تقریب منعقد کی گئی جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ویڈیو کانفرسنگ کے ذڑیعے خطاب بھی کیا۔ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مکا چوک مونومنٹ کے افتتاح اور قائد تحریک کے خطاب سننے کیلئے حق پرست عوام وکارکنان کی بڑی تعداد عزیز آباداور اس کے قرب وجوار موجود تھی۔قائد تحریک کے خطاب اور ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مونومنٹ کے افتتاح کی تقریب کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے زبردست انتظامات کئے گئے تھے اس سلسلے میں مکا چوک تا عائشہ منزل چورنگی شاہراہ پر بڑا پنڈال بنایا گیا تھا جہاں لاکھوں عوام وکارکنان کیلئے فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا جبکہ مونومنٹ کے دونوں اطراف جہازی سائز اسکرین بالترتیب 11X14 اور 11X16 سائز لگائی گئی تھی جن پر ایم کیوایم اور قومی پرچم بلند تھے، پنڈال میں بیوٹی فیکشن کے ذریعے لاتعداد پھول پودے لگائے گئے تھے جس نے پنڈال کی خوبصورتی میں چار چاند لگادیئے تھے جبکہ پنڈال اور اس کے اطراف کی عمارتوں کو رنگ برنگی برقی قمقموں، جھالروں، بینرز، ایم کیوایم اور قومی پرچموں سے انتہائی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا، مونومنٹ کے ساتھ دائیں جانب صحافیوں کیلئے پریس گیلری بنائی گئی تھی جہاں پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافی اپنے فرائض انجام دے رہے تھے، مونومنٹ کے افتتاح اور قائد تحریک کی ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ایک جھلک دیکھنے کے منتظر لاکھوں عوام نے عزیز آباد پہنچ کر اپنی آنکھوں سے دیکھا جبکہ یہ منظر ملک بھر کے عوام یہ منظر ٹی وی چینلز کے ذریعے براہ راست اپنے گھروں میں بھی دیکھا۔ویڈیو کانفرنسنگ کے موقع پر سخت حفاظتی انتظامات بھی کئے گئے تھے اس سلسلے میں کارکنان نے پوری ذمہ دار کے ساتھ انجام دیئے اور کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔

## پاکستان کے 63ویں یومِ آزادی کے موقع پر ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر قومی پرچم لہرایا گیا
## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے پرچم کشائی کی، خوشی میں لوگوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی
## ملک کے استحکام، سالمیت اور ترقی وخوشحالی کیلئے دعائیں کیں

کراچی۔۔۔14، اگست 2009ء

پاکستان کے 63ویں یومِ آزادی کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر قومی پرچم لہرایا گیا اور ملک کے استحکام اور سالمیت کیلئے دعا کی گئی۔ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اور سلیم تاجک نے پرچم کشائی کی۔ اس موقع پر حق پرست ارکان اسمبلی، ایم کیو ایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے ارکان بھی موجود تھے۔ بعد ازاں مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی نے اجتماعی دعا کرائی جس میں تحریک پاکستان کے شہداء کے بلند درجات، دہشت گردی کے خاتمے اور ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے دعا کی گئی اور جشن آزادی کی خوشی میں لوگوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ جشن آزادی کے موقع پر ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو اور اطراف کی عمارتوں پر برقی قمقموں سے زبردست سجاوٹ کی گئی ہے جس کے باعث تمام علاقہ بقعہ نور بنا ہوا ہے۔

## مکا چوک/ مونومنٹ/ افتتاح/ جھلکیاں

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

☆ سٹی گورنمنٹ کراچی کے تحت بنائے گئے مکا چوک عزیز آباد کے مونومنٹ کی فقید المثال افتتاحی تقریب میں لاکھوں نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں نے قومی جذبے کے تحت شرکت کی اور ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو براہ راست خطاب کرتے ہوئے دیکھ کر خوشگوار حیرت اور انتہائی مسرت کا اظہار کیا۔

☆ مغرب کی نماز ہوتے ہی پنڈال جگمگا اٹھا، برقی قمقموں سے کی گئی خوبصورت سجاوٹ اور پنڈال کی آرائش وزیبائش نے شرکاء کو خوشگوار ماحول فراہم کیا۔

☆ مکا چوک کے اطراف کی عمارتوں پر برقی قمقموں، قومی اور ایم کیو ایم کے پرچموں، مبارکباد کے بینرز سے سجاوٹ کی گئی تھی بعض بینرز پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خوبصورت تصاویر نمایاں تھیں۔۔

☆ مکا چوک کے مونومنٹ کو افتتاح سے قبل اسنارکل کے ذریعے کریم کلر کے گھوارے سے ڈھانپا گیا اس میں درجنوں کارکنان نے حصہ لیا۔

☆ مکا چوک کے دائیں اور بائیں جانب بڑی الیکٹرونک ڈیجیٹل اسکرینیں لگائی گئیں تھیں جن پر شرکاء نے قائد تحریک الطاف حسین کو ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے براہ راست خطاب کرتے ہوئے دیکھا اور سنا۔

☆ مکا چوک کے ایک جانب اسٹیج بنایا گیا تھا۔

☆ مکا چوک کے مونومنٹ کی افتتاحی تقریب ایک بڑے جلسہ عام میں تبدیل ہوگئی اور تاحد نگاہ عوام کے سر ہی سر دکھائی دے رہے تھے۔

☆ افتتاحی تقریب میں نوجوان، بزرگ، خواتین اور بچے اپنی نجی گاڑیوں، بسوں، سوزوکیوں، رکشوں، موٹر سائیکلوں اور ٹرکوں میں سوار ہوکر جلسہ گاہ میں آئے اور جبکہ مکا چوک کے اطراف کے علاقوں میں عوام اپنی فیملیوں کے ہمراہ گاڑیوں میں گھومتے دکھائی دیئے، گاڑیوں پر سبز ہلالی اور ایم کیو ایم کے پرچم بھی لہرا رہے تھے۔

☆ شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیو ایم کے پرچم اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے، پلے کارڈ پر جشن آزادی کی مبارکباد اور ایم کیو ایم کے تحریکی اشعار اور نعرے درج تھے۔

☆ تقریب کے شرکاء ایم کیو ایم اور 14 اگست کی مناسبت سے بینرز لگا رکھے تھے اور ہاتھوں پر پٹیاں باندھ رکھی تھیں، بیجز میں جناب الطاف حسین کی تصاویر نمایاں تھیں۔

☆ خواتین نے ایم کیو ایم کی سہ رنگی پرچم، سرخ، سبز، سفید کے علاوہ قومی پرچم سبز اور سفید رنگ کے دوپٹے اوڑھ رکھے تھے، خواتین نے ایم کیو ایم کے پرچم اور قومی پرچم کی مناسبت سے چوڑیاں پہنی ہوئی تھیں اس موقع پر خواتین کا جوش وخروش قابل دید تھا۔

☆ تقریب میں مجموعی طور پر شرکاء انتہائی پُرمسرت اور پُرجوش نظر آئے، وقفے وقفے سے ایم کیو ایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں فلک شگاف نعرے لگا کر اپنے والہانہ جوش وخروش کا مظاہرہ کرتے رہے۔

☆ شرکاء کی سہولت کیلئے لیڈیز اور جنٹس موبائل ٹوائلٹ موجود تھے جبکہ شرکاء کے بیٹھنے کیلئے فرشی نشستوں کا انتظام کیا گیا تھا۔

☆ جلسہ گاہ کے انتظامات ایم کیو ایم کے سینکڑوں کارکنان نے سنبھال رکھے تھے اوراس سلسلے میں قائم کی گئی مختلف کمیٹیاں مکمل طور پر فعال تھیں، اے پی ایم ایس او نے حسب روایت ٹریفک پولیس کے ساتھ ملکر ٹریفک کے انتظامات سنبھالنے میں مدد فراہم کی۔

☆ قومی نغموں اور ایم کیو ایم کے تنظیمی ترانوں کی ریکارڈنگ سے جلسہ گاہ گونج رہی تھی، اس موقع پر شرکاء نے حب الوطنی، قومی جذبے سمیت ثقافتی یکجہتی کا زبردست مظاہرہ کیا اور جشن آزادی کے موقع پر رنگارنگ اور منفرد تقریب کا زبردست خیرمقدم کیا۔

☆ جلسہ گاہ میں قومی نغموں اور ایم کیو ایم کے تنظیمی ترانوں کی ریکارڈنگ کا شرکاء اپنی نشستوں سے ہی با آواز بلند ساتھ دیتے رہے اور ان کی دھنوں پر رقص بھی کرتے رہے۔

☆ 11 بجکر 45 منٹ پر جشن آزادی کے سلسلے میں منعقدہ مکا چوک مونومینٹ کی افتتاحی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا تلاوت کی سعادت مولانا طاہر شاہ اویسی نے حاصل کی۔

☆ منفرد تقریب کی نظامت کے فرائض حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی اور شریف علی رعنا نے انجام دیئے اس موقع پر انہوں نے فرداً فرداً رابطہ کمیٹی کے اراکین کو اسٹیج پر آنے کی دعوت دی۔

☆ افتتاحی تقریب کے آغاز سے 15 منٹ قبل مکا چوک، عائشہ منزل اور 5 اسٹار چورنگی سمیت مکا چوک کے مزید تین رو یہ سڑکیں عوام کے جم غفیر سے بھی ہوئی تھیں۔

☆ افتتاح سے قبل رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد خانی اور سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے شرکاء سے خطاب کیا۔

☆ ٹھیک 12 بجے ڈیجیٹل اسکریز پر انٹرنیشنل سکریٹریٹ لندن اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے مناظر دکھائی دیئے اس موقع ایم کیو ایم کا تنظی ترانہ ''مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین'' بجایا گیا جس کا شرکاء نے بھر پور ساتھ دیا۔

☆ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی نے جناب الطاف حسین سے درخواست کی کہ وہ مونومنٹ کا افتتاح کریں جس کے بعد جناب الطاف حسین نے ربن کاٹ کر مونومینٹ کا افتتاح کیا اس موقع پر افتتاح کی کارروائی کو اطراف میں موجود فلیٹوں کے مکینوں نے بھی اپنی کھڑکیوں اور بالکنیوں سے دیکھا۔

☆ اس دوران پنڈال نعرہ الطاف جئے الطاف، سب سے کہ دوصاف صاف الطاف الطاف، دہشت گردی کے خلاف الطاف الطاف، حق پرستی کا تابعدار الطاف الطاف، رہبر رہبر الطاف ہمارا رہبر، دیوانے کس قائد کے، جاری رہے جاری رہے گی جدو جہد جاری رہے گی اور دیگر فلک شگاف نعرون سے گونج اٹھا جس کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔

☆ جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا اور شرکاء کو جشن آزادی کی مبارکباد پیش کی۔

## الطاف حسین/ مکا چوک مونومنٹ/ شہریوں کیلئے ایک تحفہ ہے

کراچی ـ ـ ـ (اسٹاف رپورٹر)

عزیز آباد کے مکا چوک پر مکے کی شکل میں مونومنٹ کی تنصیب شہر کی خوبصورتی میں ایک اور دل نشین اضافہ اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شہریوں کے لئے ایک اور تحفہ ہے۔ اس مونومنٹ کی کل لمبائی 25 فٹ ہے جبکہ اس کا قطر 30 فٹ رکھا گیا ہے جس میں خود مکے کی لمبائی 10 فٹ ہے، مکے کا رنگ سنہرا ہے جبکہ اس کے اطراف گولائی کی شکل میں فوارے بھی بنائے گئے ہیں اور جن پر رنگ برنگی روشنیوں کا انتظام کیا گیا ہے۔ مونومنٹ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ایک سنگ بنیاد بھی نصب ہے جس پر انگریزی میں DISTENCE DOES NOT METTER (فاصلے کوئی معنی نہیں رکھتے) تحریر ہے۔ شہریوں کو یقین ہے کہ یہ مونومنٹ قومی یکجہتی اور اتحاد کی علامت ثابت ہوگا۔

## الطاف حسین/ مکا چوک مونومنٹ/ ویڈیو کانفرنسنگ (جدید مواصلاتی نظام) کے ذریعے افتتاح کیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

عزیز آباد کے مکا چوک پر مونومنٹ کا افتتاح متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے عصر حاضر کی ویڈیو کانفرنس کی جدید سہولت کا استعمال کرتے ہوئے بزات خود کیا۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا استعمال اب قدر عام ہے لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں الطاف حسین کے علاوہ کسی اور سیاسی یا مذہبی رہنماء نے اس سے قبل اس سہولت کا استعمال کرتے ہوئے نہ تو لاکھوں عوام سے خطاب کیا اور ذاتی طور پر کسی چیز کا افتتاح کرنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا حالانکہ ملک کی دیگر سیاسی جماعتوں کے رہنماء بھی طویل عرصے تک مختلف مما لک میں جلاوطن رہے ہیں۔ یہ پہلا موقع ہے کہ ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین اور ان کے کارکنوں کے درمیان پہلی مرتبہ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے براہ راست رابطہ ممکن ہوا ہے۔

## مکا چوک/ مونومنٹ افتتاحی تقریب/ بینرز

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

مکا چوک عزیز آباد پر مونومنٹ کے افتتاحی تقریب میں بہت بڑی تعداد میں بینرز لگائے تھے جن پر جشن آزادی اور مکا چوک کے مونومینٹ کے افتتاح کے حوالے سے اشعار اور کلمات تحریر تھے۔ یہ بینرز عائشہ منزل، وہاج چوک، نائن زیرو اور مکا چوک کے اطراف کے فلیٹوں اور بلند عمارتوں پر لگائے گئے تھے جن پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی مختلف خوبصورت تصاویر بھی پینٹ تھیں۔ پنڈال میں ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کی جانب سے لگائے گئے ایک بڑے بینرز پر'' قائد کا مکا، ظالم کے خلاف'' تحریر تھا اور اس بینر پر جناب الطاف حسین کا'' مکا'' لہراتے ہوئے دکھایا گیا تھا جو شرکاء کی توجہ کا مرکز بنا رہا۔ پنڈال میں ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کی جانب سے لگائے گئے بینرز پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو پاکستان کی 63ویں یوم آزادی کی مبارکباد کے کلمات جلی حروف میں تحریر تھے جبکہ مکا چوک سے متصل ایک عمارت پر جہازی سائز کا قومی پرچم بھی لہرا رہا تھا۔

## مکا چوک/ مونومنٹ افتتاح/ استقبالیہ کیمپ

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ مکا چوک کا افتتاح کر کے ہماری خوشیوں کو دوبالا کر دیا، عوام کے تاثرات

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

جمعرات کی شب مکا چوک عزیز آباد کے مونومنٹ کی لندن سے بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ کی افتتاحی تقریب میں آنے والے راستوں پر استقبالیہ کیمپوں کا انعقاد کیا گیا تھا جہاں قومی نغمے اور تنظیمی ترانے بجائے جا رہے تھے۔ افتتاحی تقریب میں شرکت کیلئے آنے والوں کا استقبالیہ کیمپوں سے ایم کیو ایم کے رہنماؤں نے استقبال کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے جشن آزادی اور مکا چوک کے تاریخی مونومنٹ کے افتتاح پر دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر شرکاء نے مکا چوک کے مونومنٹ کے افتتاح پر دلی مسرت کا اظہار کیا اور اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جشن آزادی کے موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین نے بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ مکا چوک کا افتتاح کر کے ہماری خوشیوں کو دوبالا کر دیا

## الطاف حسین کے اسکرین پر آتے ہی جلسہ گاہ میں مکمل خاموش اور سکوت چھا گیا،

کراچی۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی، دیگر ذمہ داران، عوامی نمائندگان، کارکنان اور حق پرست عوام کے لئے وہ منظر قابل دید ہی نہیں نا قابل فراموش بھی تھا جب کئی سالوں کے تکلیف اور انتظار اور صبر کے بعد ان کے محبوب قائد جناب الطاف حسین پہلی مرتبہ لندن سے بذریعہ ویڈیو کانفرنس اسکرین پر ان کے سامنے آئے اور وہ ان سے براہ راست مخاطب ہوتے ہوئے۔ اس موقع پر کئی افراد اشکبار ہو گئے۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے اسکرین پر آتے ہی جلسہ گاہ میں مکمل طور پر خاموشی اور سکوت چھا گیا، شرکاء کافی دیر تک اطراف کی رونقوں سے بے خبر رہے اور اپنے قائد کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھتے رہے کیونکہ یہ منظر ان کے لئے نا قابل یقین ہی نہیں نا قابل فراموش بھی تھا۔

## الطاف حسین نے شرکاءکوتین بار جھک کر ہاتھ کے اشارے سے اپنا سلام پیش کیا

## مکا چوک مونومینٹ کا افتتاح کرتے ہی اس کا گھوارہ اٹھالیا گیا،مکا چوک پر موجود سنہرے مکےاور فوارہ کی بناوٹ نے شرکاءکوحیرت میں ڈال دیا

کراچی۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین جمعرات کی شب 12 بجے یوم آزادی کی تقریب کے سلسلے میں مکا چوک عزیز آباد کے مونومینٹ کے افتتاح کیلئے ڈیجیٹل اسکرینز پر نمودار ہوئے تو انہوں نے شرکاءکی جانب دیکھ کر سیلوٹ پیش کیا اور اسی انداز میں کافی دیر کھڑے رہے۔اس موقع پر ایم کیوایم کے مشہور ترانہ ”مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین “ کی ریکارڈنگ بجائی جارہی تھی۔اس دوران جناب الطاف حسین کے چہرے پر معصوم اور خوشگوار مسکراہٹ تھی،وہ شرکاءکی جانب دیکھ کر ہاتھ ہلاتے رہے اور انہیں جھک کر تین مرتبہ ہاتھ کے اشارے سے اپنا سلام بھی پیش کیا۔ترانہ کی ریکارڈنگ ختم ہوتے ہی کراچی میں موجود رابطہ کمیٹی کے رکن انیس احمد قائم خانی نے جناب الطاف حسین کو ربن کاٹ کر مکا چوک مونومینٹ کے افتتاح کیلئے دعوت دی اس موقع پر جناب الطاف حسین نے شرکاءکو قومی پرچم دکھایا اور بعدازاں ربن کر مونومینٹ کا افتتاح کیا۔جناب الطاف حسین کی جانب سے مکا چوک کے مونومینٹ کا افتتاح کرتے ہی اس پر ڈھانپے گئے گھوارہ کو اسنارکل کی مدد سے اٹھالیا گیا اور مکا چوک پر موجود سنہری مکے اور خوبصورت فوارہ کی بناوٹ نے شرکاءکوحیرت میں ڈال دیا،مکا چوک پر لیزر شو کی مدد سے لائٹنگ ماری جارہی تھی اور اس کی چمک دھمک نمایاں تھی۔ادھر کراچی میں موجود شرکاءنے جناب الطاف حسین کی جانب سے ربن کاٹتے ہی فلک شگاف نعروں کا سلسلہ شروع کردیا اس دوران پرندے فضا میں چھوڑے گئے اور شرکاءپر گل پاشی بھی کی گئی۔

## بلوچستان کے عوام کومکمل حقوق دیئے جائیں،الطاف حسین کے مطالبہ کی شرکاءنے تائید کردی

کراچی۔۔(اسٹاف رپورٹر)

عزیز آباد مکہ چوک پر مونومینٹ کے لاکھوں شرکاءنے ہاتھ اٹھا کر جناب الطاف حسین کے اس مطالبے کی مکمل تائید کی ہے کہ بلوچستان کے عوام کومکمل حقوق دیئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب کے دوران ایک موقع پر شرکاءسے کہا کہ وہ ہاتھ اٹھا کر بتائیں کہ کیا وہ میرے اس مطالبے کی تائید کرتے ہیں کہ بلوچستان کے عوام کومکمل حقوق دیئے جائیں۔

## توہین رسالتؐ کے قانون پرازسرنو بحث کی جائے،الطاف حسین

کراچی۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ توہین رسالتؐ کے قانون پرازسرنو بحث کی جائے کیونکہ جس مولوی کا دل چاہتا ہے وہ اس قانون کی آڑ میں اقلیتی برادری پر ظلم شروع کردیتا ہے حالانکہ 11 اگست 1947ءکی قانون ساز اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے تمام اقلیتوں کے تحفظ کی ضمانت دی تھی۔یہ بات انہوں نے جمعرات کی شب عوام کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے اپنے حق پرست سینیٹرز اور حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی سے کہی۔

## اس پرچم کے سائے تلے ہم ایک ہیں ہم ایک ہیں،الطاف حسین نے پورے قومی جذبے کے ساتھ گایا

کراچی۔۔(اسٹاف رپورٹر)

اس پرچم کے سائے تلے ہم ایک ہیں ہم ایک ہیں۔یہ وہ پاکستان کا مشہور قومی نغمہ ہے جسے جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب کے دوران ایک موقع پر لہک لہک کر پورے قومی جذبے کے ساتھ گایا۔اس موقع پر سب نے ملکر یہ نغمہ کورس کے انداز میں گایا۔

## الطاف حسین نے خطاب کے اختتام پر نشست سے کھڑے ہوکر شہداء کی مغفرت کیلئے خصوصی طور پر دعا کی

کراچی۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اپنے خطاب کے اختتام پر اپنی نشست سے کھڑے ہوئے اور ایم کیوایم کے شہداء کی مغفرت کیلئے خصوصی طور پر دعا کی۔اس کے علاوہ انہوں نے اپنے تمام تحریکی ساتھیوں کی حفاظت اوران کی درازی عمر کیلئے بھی دعا کی۔اس موقع پر ایم کیوایم انٹرنیشنل سکریٹریٹ لندن میں موجود دیگر ذمہ داراور کارکنان بھی اس دعا میں شریک ہوگئے۔یہ دعائیہ منظر اسکرین پر تقریب میں شریک لاکھوں عوام نے دیکھا۔

## مکا چوک/مونومنٹ افتتاح/سٹی ناظم مصطفیٰ کمال کا خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال نے کہا کہ آج ہم جشن آزادی کے موقع پر جو تاریخ رقم کرنے جارہے ہیں وہ آنے والی نسلیں بھی یادرکھیں گی۔پوری دنیا ایم کیوایم اوراس کے قائد کو ملک کوعدم استحکام سے دوچار کرنے کی بات کرتی تھی لیکن قائد تحریک کی ہمیں ہدایت ہے کہ اپنے انتظامی اختلافات کو منظر عام پر نہ لائیں کیونکہ پاکستان خلفشار کا مرتکب نہیں ہوسکتا۔مونو منٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے جناب الطاف حسین سمندر پار ہیں لیکن پاکستان کے خیر خواہ ہیں۔انہوں نے پاکستان کے استحکام اور خوشحالی بہت کام کیا ہے اگر ہم اپنے جائز مطالبات بھی منظر عام پر لے آئیں تو ملک آسانی سے عدم استحکام سے دوچار ہوسکتا ہے۔الطاف حسین نے اس ملک کوایک نئی آکسیجن دی ہے۔انہوں نے کہا کہ اب فاصلہ کوئی معنی نہیں رکھتا وہ ہزاروں میل دوررہ کر بھی خود اس مونومنٹ کا افتتاح کریں گے۔ہم دنیا اور پاکستان کے عوام کو بتانا چاہتے ہیں کہ ہمارے اور قائد کے درمیان فاصلہ کوئی معنی نہیں رکھتا۔انہوں نے کہا کہ جو کچھ بھی ہم نے چارسال میں کیا ہے اس کا سہرا صرف اورصرف الطاف حسین کے سر جاتا ہے،ہم اپنے تمام کام الطاف حسین کے قدموں میں ڈال رہے ہیں یہ سب ان کی بدولت ہے،انہوں نے کہا کہ ہم نے 50 سال میں جتنے کام نہیں ہوئے وہ ہم نے صرف 3 سال میں کئے ہیں۔

## مکا چوک/مونومنٹ کا افتتاح/انیس قائم خانی کا خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر انیس قائم خانی نے کہا کہ آج قائد تحریک الطاف حسین اپنے عوام کو براہ راست دیکھ رہے ہیں آج کا دن بہت اہم ہے جنہوں نے 19 جون 1992ءکو آپریشن شروع کیا تھا اور کہا تھا کہ الطاف حسین کا چیپٹر کلوز ہوگیا ہے وہ دیکھ لیں کہ آج الطاف حسین یہاں موجود ہیں وہ گزشتہ روز مکا چوک پر مونومنٹ کے افتتاح کے موقع پر شرکاء سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے رہنماء اور ذمہ دار کی کوئی حیثیت نہیں ہے ہم سب الطاف حسین کی بدولت ہیں۔الطاف حسین ہم سے دور ضرور ہیں لیکن ہمارے دلوں اور ذہنوں سے موجود ہیں آج عوام اپنے محبوب قائد کا دیدار کریں گے۔

## مکا چوک/مونومنٹ کا افتتاح/ایم کیوایم کی تاریخ میں پہلی ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے قائد تحریک کو دکھایا گیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

قائد تحریک جناب الطاف حسین کو مونومنٹ کے افتتاح کی دعوت ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر انیس قائم خانی نے دی ۔جیسے ہی جناب الطاف حسین اسکرین پر آئے ایم کیوایم کا مقبول نغمہ ’’مظلوموں کا ساتھی...... ہے الطاف حسین‘‘ نشر کیا گیا۔اسکرین پر سب نے دیکھا کہ وہ انتہائی انکساری اور عاجزی کے ساتھ جھک جھک کر شرکاء،جلسہ کو سلام کررہے تھے ہم سب نے دیکھا کہ افتتاح کے موقع پر ان کے ہاتھ میں ایم کیوایم نہیں بلکہ قومی پرچم تھا جس کو وہ بہت دیر تک لہراتے رہے۔قائد تحریک اسکرین پر آئے تو وہ پجامہ کرتا اور سیاہ جیکٹ زیب تن کئے ہوئے تھے۔الطاف حسین کی یہ انکساری اور عاجزی دیکھ کر شرکاء جلسہ خصوصاً خواتین خوشی میں زاروقطار رونے لگیں۔ایم کیوایم کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ جناب الطاف حسین کو براہ راست دیکھا گیا اوران کا خطاب سنایا گیا۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سکریٹریٹ میں فیتہ کاٹ کر باقاعدہ اس کا افتتاح کیا۔

## مکا چوک/مونومنٹ کا افتتاح/الطاف حسین/پوری قوم اور پاکستان کو 63ویں جشن آزادی کی مبارکباددی

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مونومنٹ کے افتتاح پر اپنے خطاب میں سب سے پہلے پوری قوم کو پاکستان کے 63ویں جشن آزادی پر مبارکباددی۔انہوں نے کہا کہ میں سب سے پہلے آپ سب ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور بچوں کو اس جشن آزادی کے موقع پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔انہوں نے تحریک پاکستان اور تشکیل پاکستان میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے پر تمام شہداء کو خراج عقیدت اور خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## اگر ایم کیو ایم حکومت میں ہوتی تو بلوچوں کو سینے لگا کر انہیں جشن آزادی کا تحفہ دیتی، الطاف حسین

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

مجھے اطلاع ملی ہے کہ بلوچستان میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لوگ بڑی بڑی مونچھیں رکھنے والے بلوچوں کی مونچھیں کاٹ رہے اور جو بلوچ بڑے گھیر کی شلوار میں ہو اس کی شلوار کاٹ رہے ہیں یہ غیر انسانی سلوک ہے قانون نافذ کرنے والے یہ سلسلہ ختم کریں اور ایسے اقدامات کئے جائیں کہ گھر بار چھوڑنے والے بلوچ اپنے اپنے گھروں پر آجائیں اگر ہم وفاقی حکومت ہوتے تو ان بلوچوں کو سینے سے لگا کر انہیں جشن آزادی کا تحفہ دیتے۔یہ بات انہوں نے جمعرات کی شب مونومنٹ کے افتتاح کے موقع پر خطاب میں کہی۔

## الطاف حسین نے عزیز آباد کے مکا چوک پر مکا کو پاکستان کے پہلے وزیر اعظم شہید خان لیاقت علی خان سے منسوب کردیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عزیز آباد کے مکا چوک پر نصب مکا کو پاکستان کے پہلے وزیر اعظم شہید خان لیاقت علی خان سے منسوب کیا ہے۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے جشن آزادی کا نرالہ انداز میں آغاز کردیا ہے جس میں محبت اور اتحاد کا تصور موجود ہے۔لیاقت علی خان شہید کا یہ مکہ ہمارے لئے اتحاد کا مظاہرہ اور تمام سیاسی رہنماؤں کے لئے دعوت فکر ہے کہ وہ آپس میں اتحاد قائم کریں۔

## الطاف حسین/سٹی ناظم مصطفیٰ کمال کو ایک مرتبہ پھر خراج تحسین پیش کیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو ایک مرتبہ پھر خراج تحسین پیش کیا ہے۔جمعرات کی شب عزیز آباد کے مکا چوک پر مونومنٹ کی افتتاحی تقریب میں انہوں نے مصطفیٰ کمال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ''کمال با کمال'' جس کا اعتراف عالمی سطح پر بھی کیا گیا

## پاکستان میں کسی سیاسی جماعت نے جشن آزادی کی ایسی تقریب نہیں منائی ہوگی، الطاف حسین

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

کسی سیاسی جماعت نے جشن آزادی کی تقریب کا آغاز اس انداز میں نہیں کیا ہے جیسا کہ ایم کیو ایم نے کیا ہے پورے پاکستان میں ایسا جشن آزادی کسی اور سیاسی جماعت نے نہیں منایا ہوگا۔آج یہاں ہر قومیت کی خواتین، بزرگ، نوجوان اور بچے موجود ہے اتنا بڑا اجتماع کہیں اور نہیں ہوا ہوگا۔یہ بات انہوں نے جمعرات کی شب مکا چوک عزیز آباد پر مونومنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

## الطاف حسین رابطہ کمیٹی کے علاوہ سید نظام علی نظامی سے ہم کلام

کراچی۔۔(اسٹاف رپورٹر)

مکا چوک عزیز آباد پر مونومنٹ کے افتتاح کے موقع پر ہونے والی تقریب میں ایم کیوایم کے قائد جناب اور رابطہ کمیٹی کے علاوہ عوام اور درگاہ خواجہ غریب نواز کے سجادہ نشین سید نظام علی نظامی سے بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ ہم کلام ہوئے اور ایک دوسرے کے لئے دعائیہ کلمات ادا کئے گئے اور خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا گیا۔

## فاٹا کیلئے اصلاحات کے اعلان پر قبائلی عوام کو الطاف حسین کی جانب سے زبردست مبارکباد

## انگریزوں کے دور سے قائم ایف سی آر قانون کی فرسودہ شقوں کا خاتمہ اور قبائلی علاقوں میں سیاسی سرگرمیوں کی اجازت ایک مستحسن اقدام ہے۔الطاف حسین

## فاٹا کیلئے اصلاحات کے اعلان پر صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی حکومت کو الطاف حسین کا خراج تحسین

لندن۔۔۔14،اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے فاٹا کیلئے اصلاحات کے اعلان پر فاٹا کے تمام عوام کو دل کی گہرائیوں سے زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ فاٹا میں انگریزوں کے دور سے قائم ایف سی آر قانون کی فرسودہ شقوں کا خاتمہ اور قبائلی علاقوں میں سیاسی سرگرمیوں کی اجازت ایک مستحسن اقدام ہے جو برسوں سے قبائلی علاقوں کے عوام کا مطالبہ تھا۔جناب الطاف حسین نے ان اصلاحات کے اعلان پر فاٹا کے تمام عوام کو زبردست مبارکباد پیش کی۔انہوں نے فاٹا کیلئے اصلاحات کے اعلان پر صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی حکومت کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔

## 15،اگست کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر اور اندرون سندھ کے 19 زونل دفاتر پر منعقد ہونے والے جنرل ورکرز اجلاس سے جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔14،اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین 15 اگست 2009 بروز ہفتہ کو شام 5 بجے کراچی اور اندرون سندھ کے 19 زونوں میں منعقدہ کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کریں گے۔جنرل ورکرز اجلاس کا مرکزی اجتماع خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا کراچی میں ہوگا جبکہ اندرون سندھ میں ایم کیوایم کے زونل دفاتر پر کارکنان کے اجتماعات منعقد ہوں گے جن سے قائد تحریک جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔

## سوات میں آج ٹی وی کے رپورٹر صدیق باچا کے بہیمانہ قتل میں ملوث سفاک قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے، رابطہ کمیٹی

## مقتول کے سوگواران اور آج ٹی کے تمام عملے سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14،اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آج ٹی وی کے رپورٹر صدیق باچا کے سوات میں بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صدیق باچا کا سفاکانہ قتل کھلی دہشت گردی ہے اور آزادی صحافت پر ایک اور کھلا حملہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ صدیق باچا کے قتل میں ملوث سفاک قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں عبرتناک سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے صدیق باچا کے تمام سوگوار لواحقین اور آج ٹی وی کے عملے سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتول کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کراچی کی ترقی وخوشحالی کی طرح پورے ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے حق پرستوں کے طرہ امتیاز اور شعار کو اپنایا جائے

## مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے نائن زیرو اور لندن سیکریٹریٹ میں جشن آزادی کے موقع پر منعقدہ مکا چوک مونومنٹ کی افتتاحی تقریب پر پیغامات

کراچی۔۔۔14، اگست 2009ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے جشن آزادی کے موقع پر مکا چوک عزیز آباد کے مونومنٹ کے افتتاح کو عوام کیلئے تحفہ قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ مکا چوک مونومنٹ کا جشن آزادی کے موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین نے وڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے افتتاح کر کے جشن آزادی کی خوشیوں کو دوبالا کر دیا ہے۔ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر ٹیلی فون، ای میل اور فیکس پر موصول ہونے والے پیغامات میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو پاکستان کے 63ویں یوم آزادی کی دلی مبارکباد بھی پیش کی۔ پیغامات بھیجنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، صحافی، پروفیسر، اساتذہ، تاجر، صنعتکار اور دیگر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد شامل ہے۔اپنے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ پاکستان 63واں جشن آزادی منا رہا ہے اور ان برسوں میں تمام ہی سیاسی و مذہبی جماعتوں کا کردار جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کے زیر اثر دکھائی دیا جبکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جو ایوانوں میں جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی طور پر کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جشن آزادی کے موقع پر مکا چوک عزیز آباد مونومنٹ کی افتتاحی تقریب کے شرکاء قومی جذبے اور حب الوطنی سے سرشار دکھائی دیئے اور ان پر ملکی سالمیت اور استحکام کے خلاف کام کرنے کے الزامات عائد کرنے والے اس حب الوطنی اور قومی جذبے کو احترام کی نظر سے دیکھیں اور کراچی کی ترقی وخوشحالی کی طرح پورے ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے حق پرستوں کے طرہ امتیاز اور شعار کو اپنائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ جشن آزادی اور مکا چوک مونومنٹ کی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے افتتاحی تقریب کے خوبصورت امتزاج کے باعث لاکھوں عوام تقریب میں کھنچے چلے آئے اور تقریب کی سجاوٹ اور آرائش نے شرکاء کو دنگ کر کے رکھ دیا یہی وجہ تھی کہ تقریب کے اختتام کے بعد بھی رات گئے مکا چوک اور نائن زیرو کے اطراف عوام اپنی گاڑیوں میں فیملیوں کے ہمراہ سجاوٹ دیکھنے آتے رہے اور اس دوران انہوں نے نعرہ الطاف جئے الطاف، پاکستان زندہ باد، پاکستان پائندہ باد، کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے وڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے لندن سے مکا چوک کا افتتاح کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ ہزاروں میل دور رہ کر بھی اپنے کارکنان وعوام کے درمیان رہنا چاہتے ہیں جس کی جھلک جناب الطاف حسین جب اسکرین پر نمودار ہوئے تو واضح طور پر دکھائی دی۔اپنے پیغامات میں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت وتندرستی اور ناگہانی آفات سے بچاؤ کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## حق پرست عوام، عبادالرحمٰن کی والدہ محترمہ قدسیہ رحمان کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔14، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم امریکہ کے نگراں عبادالرحمٰن کی والدہ محترمہ قدسیہ رحمان کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ قدسیہ رحمان کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔

☆☆☆☆☆